# INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL, RIYADH ( K.S.A)

## URDU worksheet -ClassIX

Work Sheet- Summative Assessment - 2

2015-2016

## (سوالات) سبق نمبر (۱۲) سے سبق نمبر (۲۲) تک

۱- ہنری ڈونان نپولین سے کس مقصد سے ملنے گیا تھا؟

۲- ڈونان کو ریڈکراس سوسائٹی قائم کرنے کا خیال کیوں پیدا ہوا؟

۳- ریڈکراس سوسائٹی کے مقاصد کیا ہیں؟

۴- ڈونان کو کون سا انعام دیا گیا اور کیوں؟

۵- لکڑ ہارے نے خدا سے کیا شکایت کی؟

۶- لکڑ ہارے نے سند باد کے محل میں کیا دیکھا؟

۷- سند باد جزیرے پر اکیلا کیوں رہ گیا تھا؟

۸- لوگ گھاٹی سے جواہرات کیسے حاصل کرتے تھے؟

۹- رخصت ہوتے وقت سند باد نے لکڑ ہارے سے کیا کہا؟

۱۰- مقولہ وہی مرغے کی ایک ٹانگ کا کیا مطلب ہے؟

۱۱- مرغ کی دوسری ٹانگ نکلنے پر خانساماں نے صاحب سے کیا کہا؟

۱۲- اونٹ کس کل بیٹھتا ہے کا قصّہ کیا ہے؟

۱۳- حضور آپ کی جوتیوں کا صدقہ ہے۔" اس مقولے سے متعلق کیا لطیفہ مشہور ہے؟

۱۴- "اونٹ کے گلے میں بلّی" اس مقولے کا استعمال کب کیا جاتا ہے؟

۱۵- شاعر نے چھٹی کے دن کو بچّوں کو کیا مشورہ دیا ہے؟

۱۶- کھیل ہمارے لئے کیوں ضروری ہے؟

۱۷- علم سے دماغ کس طرح روشن ہوتا ہے؟

۱۸- شاعر نے کن چیزوں سے غافل نہ رہنے کو کہا ہے؟

۱۹- ساگوان کے درخت پر بیٹھ کر عقاب نے کیا سوچا؟

۲۰- عقاب نے آسمان کی طرف دیکھ کر خدا سے کیا کہا؟

۲۱ - مکڑی پہاڑ کی بلندی تک کس طرح پہنچی ؟
۲۲ - مکڑی کا انجام کیا ہوا ؟
۲۳ - اس کہانی "تنکا تھوڑی ہوا سے اُڑ جاتا ہے" سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے ؟
۲۴ - پہلے دوہے میں کبیر نے کیا بات کہی ہے ؟
۲۵ - لالچ کرنے سے مکھی کو کیا سزا ملی ؟
۲۶ - ماٹی نے کمہار سے کیا کہا ؟
۲۷ - آخری دوہے میں کبیر نے کیا مشورہ دیا ہے ؟
۲۸ - ۱۹ اپریل 1975 کو جاری کیے گئے ٹکٹ کی کیا خصوصیات ہیں ؟
۲۹ - ہندوستان کے پہلے مصنوعی سیارے کا کیا نام ہے ؟
۳۰ - آریہ بھٹ کون تھے ؟
۳۱ - ہندوستان سے پہلے کن ملکوں نے خلا میں مصنوعی سیارے بھیجے ؟
۳۲ - مصنوعی سیارے کے کیا فائدے ہیں ؟
۳۳ - ساری دنیا ایک گاؤں میں کیسے تبدیل ہوگئی ہے ؟
۳۴ - بہار کے زمانے میں باغ کا منظر کیا ہوتا ہے ؟
۳۵ - آدمی پر بہار کا کیا اثر ہوتا ہے ؟
۳۶ - بہار کی صبح، شام اور رات کیسی ہوتی ہے ؟
۳۷ - انگریزی حکومت سے پہلے ہمارے گاؤں کا انتظام کیسے ہوتا تھا ؟
۳۸ - آزادی کے بعد ہمارے گاؤں کے انتظام میں کیا تبدیلی آئی ؟
۳۹ - پنچایت راج قانون کے مطابق گاؤں کا انتظام کس طرح کیا جاتا ہے
۴۰ - گاؤں پنچایت کے کیا کیا کام ہیں ؟
۴۱ - گاؤں پنچایت سے کیا فائدے ہیں ؟
۴۲ - گاؤں پنچایت سے گاندھی جی کا خواب کس طرح پورا ہو رہا ہے
۴۳ - مُلّا نصرالدین کے بارے میں کیا کیا روایتیں مشہور ہیں ؟
۴۴ - مُلّا نصرالدین کا نام آج بھی کیوں زندہ ہے ؟
۴۵ - مُلّا نصرالدین کو ہرفن مولا کیوں کہا جاتا ہے ؟
۴۶ - مُلّا نصرالدین کی باتیں دل پر کیوں اثر کرتی تھیں ؟
۴۷ - مُلّا نصرالدین نے ہنسی مذاق کو اپنا شعار کیوں بنایا ؟
۴۸ - دنیا میں وقت کی تلافی کیوں ممکن نہیں ہے ؟
۴۹ - وقت ضائع کرنے سے انسان کس قسم کے حالات سے دوچار ہو سکتا ہے
۵۰ - وقت کے صحیح استعمال سے انسان میں کیا خوبیاں پیدا ہوتی ہیں ؟

## (خلاصہ) (تمام اسباق سے)

۱ - محمو نان جیسے لوگ کیوں قابلِ قدر ہوتے ہیں ؟ تفصیل سے لکھیے -
۲ - "سندباد جہازی" کا سفرنامہ لکھیے اور محنت کے بغیر راحت کیوں نصیب نہیں ہوتی اپنے خیالات کا مکمل اظہار کیجیے -
۳ - نظم "چھٹی کا دن" کا تفصیلی خلاصہ شاعر کے نام کے ساتھ اپنے الفاظ میں لکھیے -

۴- غرور کا انجام کیسا ہوتا ہے؟ سبق "تنکا تھوڑی ہو اسے اُڑ جاتا ہے" کے ذریعہ اپنے خیالات کی روشنی ڈالیے۔

۵- مصنوعی ستارہ موجودہ زمانے کی ایک اہم سائنسی ایجاد ہے کس طرح اس نے دنیا کو گاؤں میں تبدیل کر دیا، مکمل معلومات فراہم کیجئے۔

۶- نظم "بہار کے دن" شاعر کے نام کے ساتھ بہار کے خوبصورت موسم کی منظر کشی کیجیے؟

۷- گاؤں پنچایت پر ایک مکمل معلوماتی نوٹ لکھیے؟

۸- مُلّا کی مزاح اور طنز آمیز باتیں کس طرح لوگوں میں سنجیدہ فکر کو بیدار کرتی تھیں اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۹- زندگی میں کامیابی کا راز و مدار وقت کے صحیح استعمال پر ہے آپ اپنے بارے میں لکھیے کس طرح وقت کا استعمال کریں گے۔

## (جملے بنائیے، اور محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے)

۱- آب پاشی ۲- نیم مردہ ۳- خبر گیری ۴- معلّم ۵- آفات
۶- آنکھ لگنا ۷- جان میں جان آنا ۸- خیریت ۹- حقیقت
۱۰- چوکنا ۱۱- سبزی فروش ۱۲- دعوت ۱۳- اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا ۱۴- عقل پر پردہ پڑنا ۱۵- تاب نہ لانا ۱۶- سینہ پھلانا
۱۷- گاؤں پنچایت ۱۸- دست کاری ۱۹- مویشی ۲۰- چناؤ
۲۱- انصاف ۲۲- اسکول ۲۳- عجیب وغریب ۲۴- ہر دل عزیزی
۲۵- سرشار ۲۶- بیدار ۲۷- جہاں گردی ۲۸- لازوال
۲۹- حاضر جوابی

## (واحد اور جمع بنائیے)

۱- معلومات ۲- ممالک ۳- نتائج ۴- افراد ۵- مقاصد
۶- نقصانات ۷- خطوط ۸- خدمات ۹- آفات ۱۰- محاورات
۱۱- مشکلات ۱۲- امثال ۱۳- مواقع ۱۴- اصحاب ۱۵- تکالیف
۱۶- لطائف ۱۷- مطالب ۱۸- اتفاقات ۱۹- اوقات
۲۰- نصیحت ۲۱- حیثیت ۲۲- مصروفیت ۲۳- روایت ۲۴- حکایت

## (متضاد لکھیے)

۱- دُکھ ۲- زندگی ۳- جنگ ۴- مردہ ۵- مخالف ۶- خوشی
۷- خوبصورت ۸- پُرانا ۹- طاقت ۱۰- نزدیک ۱۱- بلندی
۱۲- بیری ۱۳- جاہل ۱۴- لائق ۱۵- سُست ۱۶- بھلائی ۱۷- خسارہ

## (مذکر اور مونث لکھیے)

(چھانٹ کر الگ کیجیے)

۱- لکڑ ہارا ۲- گلی ۳- دیوار ۴- حال ۵- سپنا ۶- جہاز
۷- ہوا ۸- ہتھیلی ۹- سانپ ۱۰- غذا ۱۱- گنبد ۱۲- راحت

---

۱- سبق کہاوتوں کی کہانی "پانچ کہاوتیں ڈھونڈ کر لکھیے۔
۲- سبق "دوہے" سے نئے شعراء کے دوہے یاد کیجیے۔
۳- مصنوعی سیارے سے متعلق پانچ جملے لکھیے۔
۴- نظم "ہمارے دن" قافیہ کی تعریف مثالوں کے ساتھ اور تشبیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس نظم سے مثالیں یاد کیجیے۔

**نوٹ:-** مندرجہ ذیل قواعد کی تمام مشقوں کے علاوہ اور کتابی مشقوں کے علاوہ بھی سوالیہ پرچے میں پوچھا جا سکتا ہے۔

## (قواعد کی کتاب سے)

۱- تشبیہ کی تعریف مع مثالوں کے۔ صفحہ نمبر (43)
۲- استعارہ کی تعریف مع امثال کے۔ صفحہ نمبر (44)
۳- محاورے کی تعریف مثالوں کے ساتھ۔ صفحہ نمبر (24 TO 29)
۴- کہاوتوں کی تعریف مع امثال۔ صفحہ نمبر (29 TO 35)
۵- مترادف کی تعریف مثالوں کے ساتھ صفحہ نمبر (16)
۶- متضاد کی تعریف اور مثالیں صفحہ نمبر (16 TO 17)
۷- واحد اور جمع کی تعریف مثالوں کے ساتھ صفحہ نمبر (13 TO 14)
۸- سابقے اور لاحقے کی تعریف مع امثال۔ صفحہ نمبر (11 TO 13)
۹- مذکر و مونث (تذکیر و تانیث) کی تعریف مثالوں کے ساتھ صفحہ نمبر (15)

## (200 الفاظ پر مشتمل مضامین لکھیے)

۱- مذہبی تہوار ۲- قومی تہوار ۳- سفر کے حالات
۴- پسندیدہ شخصیت ۵- میرے والدین ۶- یومِ اساتذہ

## خالی جگہوں کو بھریئے۔

۱۔ یہ سُن کر صاحب ________ کے پاس گئے۔
۲۔ اور اُنھوں نے ________ کیا۔
۳۔ مُرغ نے دوسری ________ بھی نکال دی۔
۴۔ ________ نے یہ دیکھ کر ________
۵۔ حضور! کھانا کھاتے وقت ________ سے بڑی ________ ہو گئی۔
۶۔ اگر آپ اس پکے ہوئے مُرغ کے ________ ہُشش ہُشش کرتے۔
۷۔ تو وہ بھی اپنی ________ ٹانگ نکال لیتا۔
۸۔ صدیوں پُرانے ________ کے ایک درخت پر بیٹھ گیا۔
۹۔ عقاب نے ________ کی طرف دیکھ کر کہا۔
۱۰۔ تو اس ________ چوٹی پر کس طرح پہنچی۔
۱۱۔ اتنے میں ایک طرف سے تیز و تند ہوا کا ________ آیا۔
۱۲۔ ________ اُن کی عقل پر پردہ ڈال دیتا ہے۔
۱۳۔ ہماری ریاستوں میں ________ قانون بنایا گیا ہے۔
۱۴۔ گاؤں پنچایت کا ایک ________ بھی ہوتا ہے۔
۱۵۔ گاؤں کے ________ طے کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی جاتی ہے۔
۱۶۔ پنچایتی راج قائم ہونے سے ہمارے گاؤں کو بہت ________ ہوا ہے۔
۱۷۔ گاؤں کی زندگی ویسی ہی بن جائے گی جیسی ________ چاہتے تھے۔
۱۸۔ صبح ________ شام ہوتی ہے۔
۱۹۔ عمر ________ تمام ہوتی ہے۔

## (درخواست)

۱- فیس معافی کے لئے پرنسپل کے نام
۲- سیکشن بدلنے کے لئے پرنسپل کے نام
۳- شادی میں شرکت کے لئے دوست کے نام

## (خطوط)

۱- والد کے نام خط لکھ کر اسکول کی فیس منگوائیے
۲- دوست کے نام خط لکھ کر گھر آنے کی دعوت دیجئے
۳- بھائی کے نام خط لکھ کر امتحان میں کامیابی کی اطلاع دیجئے۔

- درسی اقتباس نثر
- درسی اقتباس نظم
- غیر درسی اقتباس نثر
- غیر درسی اقتباس نظم

———— X·X·X·X ————